# Limbs / اعضا کی ریڈیوتھراپی



شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اینڈ ریسرچ سینٹر

## MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.


**Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre**
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan.
Tel: 042 359 5000 | UAN: 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk


رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ یہ مائع رکاوٹ کے پیچھے پیدا ہوتا ہے اور ریڈیوتھراپی کے پاس کے ٹشوز میں سوجن ظاہر جاتی ہے جسے لمفوایڈیما کہتے ہیں۔

لمفوایڈیما کا علاج نہیں کیا جا سکتا لیکن جتنی جلدی اس کی شناخت ہو جائے اتنی جلدی ہی اس پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ باقاعدہ سیر اس کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی اور آپ کو اپنے عضو کو زخمی

## جوڑوں کا اکڑاؤ

کسی جوڑ جیسا کہ گھٹنا یا کہنی پر ریڈیوتھراپی سے بافتوں/ٹشوز کے سخت ہونے سے اکڑاؤ پیدا ہو سکتا ہے۔ باقاعدہ ورزش اور معمول کے مطابق جوڑوں کو متحرک رکھنے سے اکڑاؤ کو روکا جا سکتا ہے۔

## ثانوی کینسر

ریڈیوتھراپی کی وجہ سے کئی سالوں بعد دوسرے کینسر کا بہت کم اندیشہ ہوتا ہے۔

## علاج کے بعد

علاج کے ختم ہونے کے بعد کلینک میں چار سے آٹھ ہفتے کے بعد معائنہ کیا جائے گا۔ ریڈیوتھراپی کے فوائد ظاہر ہونے میں وقت درکار ہوتا ہے اور اس عرصہ میں آپ کا ڈاکٹر جائزہ لے گا اور آپ کی بہتری اور ممکنہ ضمنی اثرات کے متعلق آپ کو آگاہ کرے گا اور آئندہ کے علاج کی منصوبہ بندی کرے گا۔

## Limbs/اعضا کی ریڈیوتھراپی

## تعارف

یہ کتابچہ ان لوگوں کے لئے ہے، جن کے لئے اعضاء کی ریڈیوتھراپی تجویز کی گئی ہے۔
یہ ایک عمومی ہدایت نامہ ہے کیونکہ ریڈیوتھراپی کے اثرات اور علاج مختلف لوگوں کے لئے مختلف ہوسکتے ہیں۔ یہ کتابچہ آپ کی ڈاکٹر اور معالج ٹیم کے ساتھ بات چیت کے بنیادی نکات پر مشتمل ہے۔ خاندان کے افراد اور دوست ان معلومات کو مددگار پائیں گے۔

## علاج کی تدبیر

آپ کے علاج کی تدبیر میں ریڈیوتھراپی کا عرصہ آپ کے مرض کی نوعیت اور آپ کی طبیعت پر منحصر ہے۔

## سرجری سے پہلے ریڈیوتھراپی

آپ کا ڈاکٹر تجویز کرسکتا ہے کہ سرجری سے پہلے آپ کی ریڈیوتھراپی ہوگی۔ یہ پھوڑے یا رسولی کو چھوٹا کرسکتا ہے اور اس کو نکالنا آسان ہوتا ہے۔ پھر آپ آپریشن کے قابل ہوسکتے ہو۔ بنیادی رسولی کو چھوٹا کرنے اور اس کے اردگرد کینسر کے خلیات کو ختم کر کے مستقبل میں کینسر کے واپس آنے کے امکانات کو کم کیا جاسکتا ہے۔
پانچ سے چھ ہفتے تک بیرونی مریض کی حیثیت سے روزانہ کی بنیاد پر آپ کا علاج کیا جائے گا۔ اس کو نیوایڈ جووینٹ ریڈیوتھراپی کہتے ہیں۔

## سرجری کے بعد ریڈیوتھراپی

سرجری کے بعد باقی رہ جانے والے کینسر کے خلیات کو ختم کرنے کے لئے ریڈیوتھراپی کی جاتی ہے۔ چھ ہفتے تک بیرونی مریض کی حیثیت سے روزانہ کی بنیاد پر آپ کا علاج کیا جائے گا۔ لیکن کینسر کی گروتھ کو کنٹرول کرنے کے لئے یہ ممکن ہے کہ کچھ عرصہ کے لئے ریڈیوتھراپی کے ساتھ ساتھ کیموتھراپی بھی کی جائے۔
بڑھتے ہوئے کینسر کی وجہ سے نسوں اور جسم کے دیگر ٹشوز پر دباؤ کی علامات پیدا ہوسکتی ہیں۔ ریڈیوتھراپی کے ذریعے رسولی اور اس کے دباؤ کو کم کر کے ان علامات سے بچا جاسکتا ہے۔ اس کو پیلی ایٹو ریڈیوتھراپی کہتے ہیں اور آپ کو صرف مختصر علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔

## ضمنی اثرات

ریڈیوتھراپی کا عمل درد سے خالی ہوتا ہے۔ تاہم ریڈیوتھراپی سے متعلق کئی ضمنی اثرات موجود ہیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ آپ ان کو محسوس کر سکتے ہیں۔

**یاد رہے کہ یہ بہت کم ہوتا ہے کہ ایک مریض ان تمام ضمنی اثرات کو محسوس کرے۔**

اگر اپنے علاج کے دوران کسی شے سے آپ کو مسئلہ چاہے جتنا بھی معمولی ہو تو اپنے تھراپی ریڈیوگرافر یا ریڈیوتھراپی نرس کو یا ڈیپارٹمنٹ میں وزٹ کے وقت یا فون کے ذریعے آگاہ کریں۔

## تھکاوٹ

آپ خاص طور پر علاج کے آخری مرحلہ میں تھکن محسوس کریں گے۔ علاج مکمل ہونے کے چند ہفتوں بعد تھکاوٹ ختم ہوجائے گی۔

## جلدی ری ایکشن/جلد پر اثرات

جس جگہ پر علاج کیا جاتا ہے کچھ لوگوں کو سکن ری ایکشن ہوجاتا ہے۔ یہ جگہ سرخ، خشک اور حساس ہوجاتی ہے یا پھٹنا شروع ہوجاتی ہے۔ عموماً ریڈیوتھراپی کے عمل کے آغاز کے دو یا تین ہفتوں بعد اس جگہ پر ری ایکشن شروع ہوجاتا ہے۔ ریڈیوتھراپی کے مکمل ہونے کے کچھ ہفتوں تک یہ ری ایکشن جاری رہتا ہے۔

## بالوں کا جھڑنا

یہ صرف اس جگہ پر ہوتا جہاں علاج کیا جاتا ہے مثال کے طور پر ٹانگ کے بال اگر ٹانگ پر علاج کیا جائے۔ بال واپس اُگ سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوجائے تو اس میں ایک سال لگتا ہے اور یہ مختلف حصوں میں چھوٹے بڑے ہوسکتے ہیں۔

## عضا میں سوجن

یہ علاج کے دوران واقع ہوسکتا ہے۔ یہ عام بات ہے اور علاج ختم ہونے کے بعد ٹھیک ہوجاتی ہے۔ غیر معمولی حالات میں یہ جاری رہتی ہے۔ یہ ہلکی ورزش اور علاج کے دوران چست رہنے سے بہتر ہوسکتی ہے۔

## اکڑاؤ

ریڈیوتھراپی سے ہلکی سوجن کی وجہ سے آپ کو اکڑاؤ محسوس ہوگا۔ یہ معمولی ورزش اور علاج کے دوران چست رہنے سے ٹھیک ہوجاتی ہے۔
معمول کے مطابق کچھ عرصہ کے لئے آپ کو لاحق ضمنی اثرات مزید سخت ہوجاتے ہیں اور چند ہفتوں میں آہستہ آہستہ ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ پریشان مت ہوں کیونکہ یہ عمومی بات ہے۔ اس دورانیہ میں علاج کے دوران دی گئی تجاویز پر عمل جاری رکھیں۔ ضمنی اثرات کے ختم ہونے تک مقرر کی گئی دوا کو جاری رکھیں۔

## طویل مدتی ممکنہ ضمنی اثرات

ریڈیوتھیراپی کے ختم ہونے کے بعد طویل مدتی ضمنی اثرات مہینوں اور سالوں تک جاری رہتے ہیں۔ ان تاخیری ضمنی اثرات کے بارے میں پیشین گوئی بہت مشکل ہے لیکن اگر یہ وقوع پذیر ہوجائیں تو یہ مستقل رہ سکتے ہیں۔ ہم رسولی کے اردگرد کی جگہوں پر ان ضمنی اثرات سے بچنے کے لئے علاج کی انتہائی احتیاط سے منصوبہ بندی کرتے ہیں۔

## عضو کی سوجن (لمفوایڈیما)

ریڈیوتھراپی جسم کو فراہم کرنے والے ٹشو مائع کی چھوٹی نالیوں (لمفیٹک نالیاں) کو متاثر کر کے